**26.09.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

Music

..................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے بہار کیلئے خواتین روزگار اسکیم کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین پر مرکوز اسکیموں اور پروگراموں نے معاشرے کے ہر طبقے کو فائدہ پہنچایا ہے۔

☆ بھارت نے NATO کی قیادت سے کہا ہے کہ وہ اپنے عوامی بیانات میں زیادہ ذمے داری اور درستگی کا مظاہرہ کرے۔

☆ زراعت کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے سیلاب اور بارش سے متاثرہ ریاستوں کے کسانوں کیلئے پردھان منتری کسان سمّان ندھی کی اکیسویں قسط جاری کی۔

☆ بھارت نے نیویارک میں اقوام متحدہ بین وزارتی میٹنگ میں، دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

☆ اور... ایشیا کپ کرکٹ میں دبئی میں بھارت اور سری لنکا کے درمیان سُپر فور مرحلے کا مقابلہ جاری ہے۔

..................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**PM Bihar Yojana**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ ان کی حکومت نے خواتین کو مرکز میں رکھ کر کئی اسکیمیں اور پروگرام شروع کیے ہیں جن سے معاشرے کے ہر طبقے کو فائدہ پہنچا ہے۔ بہار کے لیے ''مُکھیہ منتری مہیلا روزگار یوجنا'' کے آغاز کے موقع پر نئی دلّی سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ مرکز میں اُن کی قیادت میں اور بہار میں وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی قیادت میں ڈبل انجن سرکار، خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے مل کر کام کر رہی ہے۔وزیر اعظم نے اعلان کیا کہ اس اسکیم کے تحت پندرہ لاکھ سے زیادہ خواتین مستفیدین کو ان کے بینک کھاتوں میں براہِ راست دس ہزار روپے فی کس منتقل کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس کی بنیاد 11سال پہلے "پردھان منتری جن دھن یوجنا" کے ذریعے رکھی گئی تھی، جس نے لاکھوں خواتین کے بینک کھاتے کھولنے کو ممکن بنایا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ یہ مالی امداد خواتین کے کھاتوں میں براہِ راست منتقل کی جا رہی ہے اور اس میں بدعنوانی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

''مکھیہ منتری مہیلا روزگار یوجنا'' کو نوراتری کا تحفہ قرار دیتے ہوئے وزیر اعظم نے یقین دلایا کہ ڈبل انجن سرکار کی کوششوں سے بہار میں سب سے زیادہ ''لکھپتی دیدی' سامنے آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ مرکز نے تین کروڑ خواتین کاروباری بنانے کا ہدف مقرر کیا ہے اور دو کروڑ سے زیادہ خواتین پہلے ہی گاؤں میں ابھر کر آچکی ہیں جو معاشرے اور کنبے کی کایا پلٹ کر رہی ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مرکز اور ریاست دونوں کا مقصد ایک ہی ہے۔

انہوں نے اجاگر کیا کہ 'مُدرا'، 'ڈرون دیدی'، 'بیمہ سکھی' اور 'بینک سکھی' جیسی اسکیمیں، روزگار اور خود روزگار کے مواقع بڑھا رہی ہیں۔ 'جن دھن یوجنا' کے تحت 30 کروڑ خواتین کے بینک کھاتے کھولے گئے ہیں، جو آدھار اور موبائل نمبروں سے منسلک ہیں تاکہ بغیر کسی بچولیے کے اُن تک فوائد کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مختلف اسکیموں کے فوائد خواتین تک 'فوائد کی براہ راست منتقلی' کے ذریعے پہنچ رہے ہیں۔

بہار کی اس روزگار اسکیم کے وژن کی تعریف کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اگر ہر گھر کی کم از کم ایک خاتون کو روزگار مل جائے تو پورے معاشرے میں یقینی طور پر خوشحالی آجائے گی۔

انہوں نے مزید کہا کہ یہ اسکیم بنیادی رقم کے طور پر دو لاکھ روپے تک کی مالی امداد بھی فراہم کرتی ہے تاکہ خواتین کرانہ، برتن، کھلونے، مویشی پروری اور کاسمیٹکس جیسے شعبوں میں چھوٹے کاروبار شروع کر سکیں۔ x

## MEA BRIFING

بھارت نے NATO کے سکریٹری جنرل Mark Rutte کے اُس بیان کو، جس میں وزیر اعظم نریندر مودی اور روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے درمیان ٹیلی فون پر مبینہ گفتگو کا ذکر کیا گیا تھا، سراسر غلط اور بے بنیاد قرار دیا ہے۔ نئی دلی میں نامہ نگاروں کو جانکاری فراہم کرنے کے دوران NATO کے سکریٹری جنرل کے بیان سے متعلق پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان ایسی کوئی گفتگو نہیں ہوئی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ وزیر اعظم مودی نے صدر پوتن سے کسی بھی موقع پر اس طرح کی کوئی بات چیت نہیں کی جیسا کہ دعویٰ کیا گیا ہے۔ بھارت، NATO جیسے اہم ادارے کی قیادت سے توقع رکھتا ہے کہ وہ اپنے عوامی بیانات میں زیادہ ذمہ داری اور درستگی کا مظاہرہ کرے گی۔جناب جیسوال نے کہا کہ غیر ذمہ دارانہ اور قیاس آرائی پر مبنی ایسے بیانات، جو وزیر اعظم کی مصروفیات کو غلط انداز میں پیش کرے یا جس میں ایسی بات چیت کا ذکر کیا جائے، جو کبھی ہوئی ہی نہیں، ناقابل قبول ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ بھارت کی توانائی کی درآمدات کا مقصد بھارتی صارفین کے لیے توانائی کی لاگت کو کفایتی اور قابلِ رسائی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اپنے قومی مفاد اور معاشی سلامتی کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات کرتا رہے گا۔

**S/B JAISWAL**

امریکہ سے لوگوں کو وطن واپس بھیجنے کے مسئلے پر، جناب جیسوال نے کہا کہ موجودہ سال کے دوران 20 جنوری سے 25 ستمبر تک کل 2ہزار 417 بھارتی شہریوں کو واپس بھیجا گیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس وقت تقریباً 27 بھارتی شہری روسی فوج میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ جناب جیسوال نے تمام بھارتی شہریوں پر زور دیا کہ وہ روسی فوج میں خدمات انجام دینے کی پیشکش سے دور رہیں، کیونکہ ایسی پیشکش خطرناک ہے، اور زندگی کے لیے سنگین خطرہ ثابت ہوسکتی ہے۔

**S/B JAISWAL**

22 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کی میٹنگ کے بارے میں وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ اس میٹنگ میں تجارت اور محصولات پر زیادہ زور دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میٹنگ کے دوران بھارت–امریکہ دو طرفہ تعلقات کے دیگر پہلوؤں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ H1B ویزا کے نئے اصول کے بارے میں، جناب جیسوال نے کہا کہ ہنر مند افراد کی موبیلیٹی اور تبادلے نے ٹیکنالوجی کی ترقی، جدت طرازی، معاشی ترقی، مسابقت اور دولت پیدا کرنے میں بھارت اور امریکہ دونوں ملکوں میں بے حد اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، صنعت سمیت تمام متعلقہ فریقوں سے رابطے میں رہے گا اور امید ہے کہ ان عوامل کو مناسب اہمیت دی جائے گی۔ بنگلہ دیش میں آئندہ سال فروری میں ہونے والے پارلیمانی انتخابات کے بارے میں، جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت کئی بار یہ دوہرا چکا ہے کہ وہ بنگلہ دیش میں آزادانہ، منصفانہ، قابلِ اعتماد اور جامع انتخابات کے ذریعے خوش اسلوبی کے ساتھ پُرامن طریقے سے جمہوریت کی طرف منتقلی کی توقع رکھتا ہے۔x

**Rajnath MIG 21**

چھ دہائیوں تک ملک کی خدمت کے بعد بھارتی فضائیہ نے مشہور لڑاکا جنگی طیارے MIG-21 کو آج خیرآباد کہہ دیا۔ الوداعی تقریب کا انعقاد چنڈی گڑھ ایئربیس پر کیا گیا جس میں وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان، بھارتی فضائیہ کے چیف ایئر مارشل اے پی سنگھ اور دیگر سرکردہ شخصیات نے شرکت کی۔ رسمی فلائی پاسٹ کے ساتھ MIG-21 کی خدمات کا اختتام ہوا۔ ایئرچیف مارشل اے پی سنگھ نے Call Sign، بادَل تھری کے ساتھ اسکواڈرن کی آخری اُڑان بھری۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے سال 1971 کی بھارت–پاکستان جنگ میں MIG-21 کے رول کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ایسے کئی موقعے آئے جب MIG-21 نے اپنی فیصلہ کن صلاحیت کو ثابت کیا۔انھوں نے کہا کہ MIG-21 ملک کا فخر ہے اور اس کا گوناگوں صلاحیتوں سے لیس ہونا ہی اِسے دوسروں سے الگ کرتا تھا۔

**S/B Rajnath MIG-21 26 SC.**

جناب سنگھ نے مزید کہا کہ اپنی طویل مدتی خدمات کے دوران MIG-21 نے ہر طرح کا رول نبھایا۔ بھارت–چین کی جنگ کے بعد سال 1963 میں بھارتی فضائیہ میں شامل کیا گیا MIG-21، ملک کا پہلا سُپر سونِک لڑاکا طیارہ تھا۔x

**PM Manmohan Singh**

وزیر اعظم نریندر مودی نے سابق وزیر اعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ کو آج اُن کی جینتی پر خراج عقیدت پیش کیا۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے ڈاکٹر منموہن سنگھ کی طویل عوامی زندگی کے دوران ملک کی تعمیر میں ڈاکٹر سنگھ کی کوششوں کو یاد کیا۔x

## Amit Shah Kolkata

مرکزی وزیر داخلہ اور BJP کے سینئر رہنما امت شاہ نے آج مغربی بنگال میں حکومت کو تبدیل کرنے کی اپیل کی۔ کولکاتا کے سنتوش مِترا اسکوائر پر دُرگا پوجا پنڈال میں، جہاں آپریشن سندور کو لیزر شو کے ذریعے پیش کیا گیا ہے، جناب شاہ نے مغربی بنگال کے عوام سے اپیل کی کہ وہ ایک ایسا ریاست بنائیں، جو محفوظ ہو، پُرامن اور خوشحال ہو۔ جناب امت شاہ فی الحال دُرگا پوجا کی تقریبات کا افتتاح کرنے کیلئے کولکاتہ گئے ہوئے ہیں۔ اپنے خطاب میں انہوں نے ریاست کے مستقبل کے بارے میں بات کرتے ہوئے Kabi-guru رابندر ناتھ ٹیگور کا حوالہ دیا۔ جناب شاہ نے اِس ہفتے کے شروع میں کولکاتہ میں بارش سے وابستہ حادثات میں کرنٹ لگنے سے ہلاک ہونے والوں کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا۔ x

## Parv Achievements

سیوا یعنی عوامی خدمت اور سُشاسن یعنی بہتر حکمرانی کے منتر سے ترغیب پاکر وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت بدلاؤ اور ترقی کیلئے انتھک کام کر رہی ہے۔ آج اپنی خصوصی سیریز 'سیوا پرو' میں اہم خلا کے شعبے کو بلندیوں تک لے جانے میں مودی حکومت کے رول پر نظر ڈالیں گے۔

### Capsule

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں خلا کے شعبے میں بھارت کی کوششیں کامیابی سے بھری پڑی ہیں، جہاں تصور اور حقیقت، خوابوں اور غیر معمولی دریافتوں کا امتزاج ہے۔ اِس سال خلاء کے قومی دن کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا تھا کہ خلا کے شعبے میں یکے بعد دیگر کامیابیاں ہمارا مزاج بن گیا ہے۔

ضروری خلائی ٹیکنالوجیوں جیسے سیمی کرایوجینک انجن اور الیکٹرک پروپلشن میں کافی پیشرفت ہوئی ہے۔ جنوری کے مہینے میں بھارت، خلا میں ڈوکنگ اور اَن ڈوکنگ کی صلاحیت حاصل کرنے والا دنیا کا چوتھا ملک بنا۔ وہیں گروپ کیپٹن شُبھانشو شکلا کا کامیاب خلائی سفر، بھارت کی پہلی انسان بردار خلائی پرواز، گگن یان کی کامیابی کی جانب پہلا قدم ہے۔بھارت کا سال 2035 تک خلا میں بھارتی خلائی اسٹیشن قائم کرنے کا منصوبہ ہے۔یہ کامیابی، خلائی ٹیکنالوجی کے شعبے میں پرائیویٹ شعبے کو شامل کرنے کی مودی حکومت کی پہل کا نتیجہ ہے۔

سیٹلائٹ پر مبنی زرعی امداد، ماہی گیروں کے تحفظ، قدرتی آفات کے بندوبست اور بنیادی ڈھانچے کی منصوبہ بندی میں Geospatial ڈیٹا کے ذریعے خلائی ٹیکنالوجی، زندگی گزارنے میں آسانی پیدا کر رہی ہے۔ بھارت نے وزیر اعظم مودی کی قیادت میں ٹیکنالوجی کو قومی ترقی سے جوڑتے ہوئے اپنی خلائی امنگوں کی تشریحِ نو کی ہے۔x

## Shivraj PM Kisan

زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے آج بارش اور سیلاب سے متاثرہ ہماچل پردیش، پنجاب اور اتراکھنڈ کے کسانوں میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے پردھان منتری کسان سمّان نِدھی، پی ایم کسان اسکیم کی اکیسویں قسط جاری کی۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب چوہان نے بتایا کہ 27لاکھ سے زیادہ

کسانوں کے بینک کھاتوں میں مجموعی طور پر 540 کروڑ روپئے سے زیادہ کی رقم منتقل کی گئی ہے۔ ان میں دو لاکھ 70ہزار کسان خواتین ہیں۔ زراعت کے وزیر نے مزید کہا کہ یہ رقم، کسانوں کو موجودہ قدرتی آفات سے ابھرنے میں مدد کرے گی۔x

## India UN Terrorism

بھارت نے ایک بار پھر دہشت گردی کے تئیں عدم برداشت کے اپنے نقطہ نظر کی وضاحت کی ہے اور دہشت گردی کی لعنت کی ہر شکل سے لڑنے کیلئے دنیا کے یکجا ہونے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وزارت خارجہ میں مغربی امور کے سکریٹری Sibi George نے آج نیویارک میں Group of Friends of Victims of Terrorism کی چھٹی وزارتی میٹنگ میں بھارت کے قومی بیان کے دوران یہ پیغام دیا۔ جون 2019 میں تشکیل دیا گیا Group of Friends of Victims of Terrorism، اقوام متحدہ کی رکن ریاستوں اور مبصرین کا گروپ ہے جو دہشت گردی کے متاثرین میں انسانی حقوق کے تحفظ اور فروغ کی خاطر جامع نقطہ نظر کو بڑھاوا دیتا ہے۔x

## India UN Peacebulding Commission

بھارت نے اقوام متحدہ قیامِ امن کمیشن، UNPBC کو مستحکم کرنے اور اس کی افادیت کے تئیں اپنے مضبوط عزم کی یقین دہانی کرائی ہے اور عالمی امن اور ترقیاتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کیلئے بین الاقوامی ساجھے داروں کے ساتھ تعمیری شرکت کے تئیں اپنی عہد بستگی کا اظہار کیا ہے۔

نیویارک میں آج UNPBC وزارتی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزارت خارجہ میں مغربی امور کے سکریٹری Sibi George نے کہا کہ قیامِ امن کے تئیں بھارت کا نقطہ نظر اُن ثقافتی اقدار سے رہنمائی پاتا ہے جہاں دنیا کو ایک کنبہ قرار دیا گیا ہے۔ جناب George نے مزید کہا کہ قیامِ امن کے تناظر میں بھارت، عالمی خطۂ جنوب میں ضرورت پر مبنی ترقیاتی ساجھے داریوں کے ذریعے سرکردہ ساجھے دار رہا ہے۔انھوں نے کہا کہ تقریباً 40ارب امریکی ڈالر کی لاگت والے بھارت کی ترقیاتی امداد والے پروجیکٹوں میں گرانٹس، رعایتی قرضہ جات، صلاحیت سازی، اپنے اداروں کی تعمیر نو کر رہے ممالک کی امداد اور لچک کو فروغ دینا شامل ہے۔x

## India EU Trade Agreement

اٹلی کے نائب وزیر اعظم Antonio Tajani نے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزادانہ تجارتی معاہدے کی جلد تشکیل کیلئے اٹلی کی حمایت کی تصدیق کی ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر اور کامرس کے وزیر پیوش گوئل سے امریکہ میں ملاقات کے بعد جناب Tajani نے کہا کہ بھارت اور اٹلی، اسٹرٹیجک ساجھے داری کے شراکت دار ہیں۔ ڈاکٹر جئے شنکر نے کہا کہ انھوں نے جناب Tajani کے ساتھ ملاقات کے دوران بحیرۂ روم، مشرقِ وسطیٰ، یوکرین اور بھارت—بحرالکاہل سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔x

## Asia Cup

آج دبئی میں دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں بھارت اور سری لنکا کے درمیان ایشیا کپ 2025 کے اٹھارھویں میچ میں بھارت نے اب سے کچھ پہلے تک 15اوورس میں 3وکٹ پر 150رن بنالئے تھے۔اس سے پہلے سری لنکا نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ ٹورنامنٹ کے لحاظ سے یہ میچ اُتنا اہم نہیں ہے کیونکہ اتوار کے روز فائنل کھیلنے والی ٹیموں کا پہلے ہی فیصلہ ہوچکا ہے۔ اتوار کے روز بھارت اور پاکستان کے درمیان فائنل میچ کھیلا جائے گا۔x

☆☆☆☆☆☆